توبہ سے غفلت کا چوتھا سبب یہ وسوسہ ہے کہ توبہ تو کرلوں گا مگر ٹوٹ جائے تو کیا فائدہ؟ یہ بالکل ایسے ہے کہ بھوک لگی ہوئی ہے کھانا نہیں کھاتے اس لئے شام کو پھر بھوک لگ جائیگی پھر کھانا کھانے کا کیا فائدہ۔ یہ شیطان کی چالیں اور نفس کے وسوسے ہیں۔ اس وقت تو علاج کرو بعد کا بعد میں دیکھا جائیگا۔ اس وقت تو روحانی بھوک کا ازالہ کرو بعد میں پھر بھوک لگی تو پھر توبہ کریں گے۔ قرآن پاک میں سورۃ البقرہ: (ترجمہ): اللہ تعالیٰ محبت کرتے ہیں ان لوگوں سے جو بار بار توبہ کرنے والے اور پاکیزگی اختیار کرنے والے ہیں۔

بار بار توبہ کرنے کے حوالے سے ایک حدیث ہے کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں اگر تم سارے کے سارے نیک بن جاؤ اتنے نیک بن جاؤ کہ تم سے کوئی گناہ بھی سرزد نہیں ہو تو میں تم سب کو ختم کروں گا اور ایک ایسی امت پیدا کروں گا یعنی وہ لوگ گناہ کریں گے پھر معافی مانگیں گے پھر گناہ کریں گے پھر معافی مانگیں گے۔ پھر اس طرح کریں گے۔ توبہ ٹوٹتی ہے تو ٹوٹتی رہے ایک بار تو پکی توبہ کریں گے۔ سالہا سال کی بری

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

عادت اتنی جلدی تو چھوٹ نہیں سکتی لیکن توبہ کرنے سے دل میں نرمی پیدا ہوتی ہے آخر کار یہی دل اللہ تعالیٰ کے فرمان کے مطابق عمل کرنا شروع کرے گا۔

جب بھی کوئی گناہ سرزد ہو، دو رکعت نفل توبہ کی نیت سے فوراً پڑھیں۔ اور پورے دیانتداری کے ساتھ توبہ کرلیں۔ یعنی اس عمل توبہ کو چھوڑنا نہیں ہے۔ چاہے بار بار ٹوٹے۔

حضرت مولانا مفتی محمد حسن نے فرمایا کہ اگر کوئی شخص زندگی بھر توبہ کرتا رہے اور اس کی ساری زندگی ایسی گزر جائے تو یہ بھی بہت بڑی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ اس شخص کے بارے میں فرماتا ہے کہ یہ شخص آخر دم تک میری راہ میں لڑتا تو رہا۔ اس نے ہتھیار تو نہیں پھینکے۔ مستقل طور پر باطل پرست تو نہیں ہوگیا۔ اس طرح سے اللہ تعالیٰ اس شخص کو اجر عطا فرمائیں گے۔ توبہ نہ کرنے سے بہتر ہے کہ بار بار توبہ کرے چاہے ٹوٹ جائے۔

توبہ سے غفلت کی پانچواں سبب وسوسہ ہے کہ اللہ غفور ورحیم ہے گناہ کئے جاؤ تو وہ معاف کردے گا۔ یہ حماقت کی بات ہے۔ قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ:

(ترجمہ) میں غفور ورحیم ہوں صرف اس شخص کے لئے جو توبہ کرے ایمان لے آئے۔ عمل صالح کرے اور پھر ہدایت یافتہ ہوجائے۔

تمام گناہ روحانی زہر ہیں۔ یہ ساری خودکشیاں ہیں یہ اس وقت تک قابل معافی نہیں جب تک ان سے صدق دل سے توبہ نہ کرلی جائے۔

اکثر انسان گناہوں میں ڈوب جانے کے بعد اللہ کی رحمت سے مایوس ہوجاتے ہیں۔ قرآن پاک میں اس مایوسی کی کیفیت کو ختم کیا گیا ہے اور بدترین مجرم کے لئے بھی توبہ کا راستہ کھلا ہوا ثابت کیا ہے۔ اللہ پاک سے ہر وقت دعا ہے کہ ہمیں سچے دل سے توبہ کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)۔

☆☆

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

پیار کا جرم

غنی پرواز/ندیم اکرم (اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ اسلامیات)

1

''کیا حال ہیں؟ ٹھیک ہو؟''۔

''کیسے ہو؟ ٹھیک ٹھاک ہو؟''۔

''تم اتنے زیادہ سگریٹ کیوں پیتے ہو؟''۔

''سگریٹ نوشی کے علاوہ میرے لئے اور کیا رہ گیا ہے''۔

''تم اس قدر غمزدہ کیوں ہو؟''۔

''اس لئے کہ دنیا میں خوشی کی نسبت غم زیادہ ہیں''۔

''کیسے؟''۔

''اس لئے کہ خوشی تو اچانک ہی کوئی دے سکتا ہے لیکن غم ہر ایک سے ملتا ہے''۔

''تم کو خوشی یقیناً ملی ہوگی''۔

''اگر ملی بھی ہے تو بہت ہی کم''۔

''غموں کے کانٹوں میں خوشیوں کے پھول نشو ونما پاتے ہیں دوست!''۔

''میرے غم کے کانٹوں میں اگر کوئی پھول نشو ونما پا بھی لے تو اس میں خوشبو نہیں ہوتی''۔

''کیا تمہارے غم اتنے زیادہ ہیں کہ جھیلے نہیں جا سکتے؟''۔

''ہاں اس سے پیشتر نہ جانے میں کیسے جھیلتا رہا ہوں، لیکن اب میری برداشت سے باہر ہے ان کو جھیلنا اچھا ہوتا کہ ان بے شمار دکھوں سے میں بیمار پڑ جاتا اور بہت ہی جلد مر جاتا''۔

''اس طرح نہ بولو، زندگی کے دکھوں کو جھیلنا بہادری ہے۔ اور موت کی خواہش رکھنا بزدلی ہے''۔

''میں ان الفاظ کے چکر میں نہیں پڑنا چاہتا۔ اور بہر طور مر جانا چاہتا ہوں، اور اگر میں بیمار رہ کر بہت جلد نہیں مر جاتا تو پھر خودکشی کر لوں گا''۔

''خودکشی تو اور بھی بزدلی ہے یا بڑے بزدل ہو یا بہت بڑے بہادر۔ لیکن.....''۔

''یونس! تم میرے انتہائی قریبی دوست ہو، اس لئے میں تمہارے لئے اس طرح کی باتیں بالکل پسند نہیں کرتا لیکن خیر، اس وقت تم اللہ کی پناہ میں رہو''۔

''اللہ تمہارا نگہبان یاسین!''۔

2

''ثمینہ تم کیسی ہو؟''۔

''جیسی بھی ہوں، یہی ہوں تمہارے سامنے ہوں''۔

''تم نے اپنا علاج کروالیا؟''۔

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

''نہیں''۔

''لیکن، کیوں نہیں؟''۔

''اس لئے گل بی بی کہ میں مرنا چاہتی ہوں''۔

''تم اس طرح مایوسی کی باتیں کیوں کرتی ہو؟''۔

''میرے لئے رہ کیا گیا ہے جو امید کی بات کروں''۔

''گل بی بی تمہارے لئے میں رہ گئی ہوں تمہارے بچپن کی سہیلی''۔ اور میرے علاوہ بھی دنیا کی میدان بہت کشادہ ہے''۔

''یہ تسلیاں مجھے نہیں بہلا سکتیں''۔

''میں چاہتی ہوں تمہیں ہسپتال لے کر جاؤں اور ڈاکٹر صاحب سے چیک اپ کروالوں، تاکہ تمہاری بیماری کا سراغ لگایا جاسکے اور تمہارا مکمل علاج کیا جاسکے''۔

''نہیں نہیں مجھے علاج کروانے کی کوئی خواہش اور حاجت نہیں ہے، میرا علاج صرف اور صرف موت ہی ہے''۔

''یوں دل توڑنے کی باتیں مت کرو، اٹھو ہسپتال کو چلیں''۔

3

''اس کینسر وارڈ کے باقی تمام مریض مر چکے ہیں صرف میں اور تم رہ گئے ہیں''۔

''لگتا ہے میں اور تم بھی بس چند دنوں کے مہمان ہیں''۔

''چلو یہ بات تو بہت بھلی ہوئی کہ ان آخری لمحات میں ڈاکٹر نے ہم دونوں کو پہلو بہ پہلو لگے چارپایوں پر لٹا دیا''۔

''ہاں۔ جب تک ہوش باقی رہے دونوں آپس میں باتیں کر کے ان گھڑیوں کو دھکیلتے رہیں گے''۔

''تمہارا کیا نام ہے؟''۔

''ثمینہ''۔

''میرا نام یونس ہے''۔

''تم کہاں سے ہو؟''۔

''اسی شہر سے، اور تمہارا تعلق کہاں سے ہے؟''۔

''میں بھی اسی شہر کا باسی ہوں''۔

''ثمینہ تمہارے عزیز و اقارب تمہارے رشتے دار ہیں؟''۔

''یونس میرے ماں، باپ۔ بھائی، بہن، شوہر، دو بچے اور بہت سارے رشتے دار تھے جو پچھلے سال زلزلے کی نذر ہو کر مر گئے۔ تمہارے رشتے دار اور عزیز و اقارب ہیں؟''۔

''میرے ماں، باپ، بھائی، بہن، بیوی، چار بچے اور بہت سارے رشتے دار بھی تھے جو پچھلے زلزلے میں مر گئے''۔

''یعنی پھر میری اور تمہاری کہانی ایک جیسی ہی ہے''۔

''ہاں، ثمینہ''۔

4

''یونس! تم تو دن بہ دن پھولتے جا رہے ہو''۔

''تم بھی پھولتے جا رہے ہو ثمینہ!''۔

''تمہارے خشک اور سوکھے لب و رخسار تر و تازہ ہوتے جا رہے ہیں''۔

''تمہارا سوکھا چہرہ بھی تر و تازہ ہوتا جا رہا ہے۔ تم بہت خوبصورت ہوتے جا رہے ہو''۔

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

''تمہارے چہرے میں بھی نکھار آنے لگا ہے''۔

''مجھے تم بہت پسند ہو''۔

''مجھے بھی تم انتہائی اچھے لگتے ہو''۔

''ثمینہ! تمہاری مسکراہٹ اتنی دلکش ہے کہ آدمی دل پہ قابو نہیں رکھ پاتا''۔

''آہستہ آہستہ باتیں کرو یونس''۔

''بھلا کیوں؟''۔

''ڈاکٹر، نرسنگ اسٹاف ہم کو گھور گھور کر دیکھ رہے ہیں''۔

5

''تم دونوں کو اب ہسپتال سے ڈسچارج کیا جائے گا''۔

''ڈاکٹر صاحب! ہم سے کیا خطا ہوگئی ہے؟''۔

''مسٹر یونس! تم دونوں نے آپس میں پیار کا جرم کیا ہے''۔

''یہ سزا ہمیں اسی لئے دیا جا رہا ہے''۔

''تمہیں اس سے بڑھ کر ایک اور سزا بھی دی جائے گی''۔

''ہماری وہ سزا کون سی ہے؟''۔

''تم دونوں کی وہ سزا یہ ہے کہ آپس میں شادی کر لو۔ کیونکہ تم دونوں اب کینسر کی بیماری سے مکمل صحتیاب ہو چکے ہو''۔

26 فروری 1993ء

☆☆

بشکریہ: غنی پرواز کا افسانوی مجموعہ ''دل، مہر، مسافر''

☆☆

والدین کی عزت

عادل شکاری (ایف اے، سال دوئم)

ایک کوا سامنے درخت پر بیٹھا تھا۔ ایک بیٹا اپنے باپ کے ساتھ وہاں موجود کوے کو دیکھ رہے تھے، باپ نے یہ جانتے ہوئے کہ یہ کوا ہے بیٹے سے پوچھا کہ بیٹا یہ کیا ہے؟ اس نے کہا کوا۔ باپ نے پھر پوچھا کہ یہ کیا ہے بیٹے نے چلا کر کہا اندھے ہو دیکھتے نہیں کہ یہ کوا ہے۔ تب اس کے باپ نے کہا کہ بیٹا آج سے بیس سال پہلے جب تم صرف پانچ سال کے تھے عین اسی درخت پر یہیں ایک کوا بیٹھا تھا اور تم نے مجھ سے کوئی بیس مرتبہ یہ سوال کیا کہ ابا! یہ کیا ہے تب میں نے تمہیں اندھا اور بہرا نہیں کہا میں نے ہر مرتبہ تمہیں یہ جواب دیا کہ بیٹا یہ کوا ہے۔

پیغام: اپنے والدین کی عزت کریں۔

☆☆

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

علم کی اہمیت

حمل مجید جوسکی (ایف ایس سی، سال دوئم)

علم ایک ایسی روشنی ہے جس کی بدولت ساری دنیا روشن ہے علم ہی تو ہے جس نے فرشتوں کو آدم کے سامنے سجدہ ریز کیا۔ علم ہی تو ہے جس نے انسان کو اس مقام تک پہنچا دیا جس کی آدم زاد نے کبھی تصور نہیں کی۔ اگر ہم انسان کی تاریخ پر روشنی ڈالیں تو ہم جان سکیں گے کہ جب انسان جانوروں سی زندگی بسر کر رہی تھی یا اپنی عقل کو استعمال کرنا نہیں جانتی تھی تو اس وقت وہ ہر چیز سے ڈرتی تھی اور جس چیز سے ڈرتی تھی یا جو چیز اس کو نقصان پہنچاتا تو اس کے سامنے بنیآدم سجدہ ریز ہو جاتی اور اس کی عبادت اور پوجا میں مگن رہتی تھی لیکن جب انسان نے اپنی عقل و دانش کو استعمال کرنا شروع کر دیا تو اس نے ساری چیزوں کو اپنی کنٹرول میں کنٹرول میں کرنا شروع کیا۔ اور اس حقیقت سے کوئی انکار نہیں کر سکتا کہ ماضی میں انسان ان جانوروں جیسی زندگی بسر کرتا تھا جو روشنی سے ڈرتے تھے اور تاریکی لے دلدادا ہوا کرتے تھے یہی علم تو ہے جس نے تاریکیوں کے مسافر کو تاریکیوں سے نکال کر روشنی میں رہنا سکھا دیا بھوک و افلاس کی وجہ سے لقمہ اجل ہو جاتے اسی طرح انسانوں کی بہت سی آبادیوں کی نام و نشان مٹ جاتی تھیں لیکن آج علم ہی کی بدولت ہے کہ جس کی وجہ سے بھوک و افلاس کا نام و نشان مٹ گیا ہے۔ آج انسانوں کی آبادی میں خاطر خواہ اضافہ دیکھنے میں آیا لیکن اس علم کی بدولت انسان نے اپنے لئے خوراک حاصل کرنے کے لئے اتنے طریقے دریافت کئے ہیں کہ اب انسان بھوک و افلاس کے شکنجے میں بڑی حد تک آزاد ہو گیا ہے۔ آج بنی نوع انسان کی آبادی میں خاطر خواہ اضافہ کیوں دیکھنے میں آتی ہے؟ کیوں ماضی میں انسانوں کی اتنی آبادی نہیں تھی؟ اس لئے کہ آج بنی نوع انسان نے ان تمام چیزوں/ جانوروں کو اپنی کنٹرول میں کیا ہے جس سے ماضی میں ان کو شدید نقصان ہوا تھا اگر ہم ماضی پہ ایک نظر دوڑائیں تو ہم کو بآسانی اس سوال کا جواب ملے گا کہ کیوں ماضی میں اتنی آبادی نہیں تھی۔ کیونکہ ماضی میں انسان کے پاس علم کا کوئی نام و نشان نہیں تھا وہ جانوروں کی طرح صرف کھاتا پیتا تھا۔ اپنی عقل اور دانش کو کسی بھی کام میں استعمال میں نہیں لاتا تھا۔ چھوٹی سے چھوٹی بیماریوں جیسے ملیریا وغیرہ نے انسانوں کے نسل تباہ و برباد کئے۔ لاکھوں اور کروڑوں لوگ اسی ملیریا کی وجہ سے اپنے جانیں کھو بیٹھے۔ شرحِ اموات ،شرحِ آبادی سے کئی گنا زیادہ تھا۔ مثلاً بیس بچوں میں صرف ایک ہی بچہ زندگی سے لطف اندوز ہوتا تھا باقی انیس بچے بچپن ہی میں فوت ہو جاتے تھے لیکن آج علم کی بدولت میڈیکل سائنس نے انقلاب برپا کر دیا ہے کہ آج بہت ہی بیماریوں کا خاتمہ ہوا ہے جو ماضی میں مہلک ثابت ہوتے تھے اور بہت سی ناقابل علاج امراض آج قابل علاج ہو گئے ہیں۔

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

دوسری وجہ ماضی میں انسان کی آبادی کی کمی کی یہ تھی کہ جہالت کی وجہ سے ہر طرف جنگ و جدل جاری تھی ۔ ہر طرف انسانوں کی خون کی ندیاں بہہ رہی تھیں انہی جنگوں نے انسانوں کی آبادی کو تہس نہس کر دیا جس میں کروڑوں لوگ بے دردی سے مارے گئے لیکن آج علم ہی تو ہے جس نے اس دنیا میں امن رائج کیا اور آج ساری دنیا ایک گلوبل ولیج کی مانند ہے آج جب لوگوں/ملکوں نے علم کو اہمیت دی ہے تو وہ آسمانوں کو چھو رہے ہیں ۔ خلا کی دنیا میں مگن ہیں اور نت نئی چیزیں دریافت کر رہے ہیں ۔ اس حقیقت سے کوئی انکار نہیں کر سکتا کہ جن قوموں نے علم کو اہمیت دی وہ آج ہر چیز میں خود کفیل ہیں اور زندگی کے ہر میدان میں ترقی یافتہ قومیں دوسرے قوموں پر راج کر رہے ہیں اور ان کے سارے وسائل ، جان و مال حرکات وسکنات اور دیگر ساری چیزیں اپنے قبضے میں کر لئے ہیں کیونکہ ان قوموں نے محلات کی جگہ، یونیورسٹیاں اور تعلیمی ادارے قائم کئے ۔ انہوں نے اپنی وسائل باغات ومحلات کی تعمیر اور عیاشیوں میں صرف نہیں کئے انہوں نے اپنے سارے وسائل تعلیمی اداروں کے لئے بروئے کار لائے ۔ جب ہمارے ہندوستان کے حکمران تاج محل بنا رہے تھے تو امریکہ میں ہارورڈ یونیورسٹی تعمیر ہو رہی تھی اور جب جاپان کو عالمی جنگوں، ایٹمی دھماکوں میں تباہ و برباد کر دیا تو اس نے بدلہ لینے کے لئے اسلحہ کی فیکٹریوں کی بجائے تعلیم کو ترجیح دی ۔ ساری اسلحہ فیکٹریوں کو تعلیمی اداروں میں تبدیل کیا گیا اور آج جاپان نے اتنا ترقی کیا ہے کہ ہم سوچ نہیں سکتے ، لیکن بدقسمتی سے ہمارے مسلمان حکمرانوں نے اپنے سارے وسائل ، بیکار چیزوں اور عیاشیوں میں گزار دئے اور تمام علمی اداروں کو قبرستان بنا دیا ایک دور ایسا بھی تھا کہ ہم مسلمان ترقی کے اس منزل تک پہنچے تھے کہ کہ تاریخ میں ان کی کوئی مثال نہیں مل سکتی تاریخ انسانی میں اور جو مغربی قوم دنیا پر حکمرانی کر رہے ہیں وہ اس وقت Dark age سے گزر رہے تھے ۔ وہ تاریکیوں کے مسافر تھے اور روشنی سے کوسوں دور تھے ۔ لیکن ہماری بدبختی اور بدنصیبی کا یہ عالم ہے کہ جن کتابوں اور تعلیمی اداروں نے ہمیں آسمان اور ترقی کے معراج پر پہنچا دیا تھا انہی کتابوں کو دفنا دیا اور تعلیمی اداروں کو میخانوں اور عیاش خانوں میں تبدیل کر دیا اور اپنے عیاشیوں کی دنیا میں مگن ہو گئے اور دوسری طرف وہ جو Dark age میں تھے انہوں نے مسلمانوں کی تمام لنابوں کی علمی چیزوں کو بروئے کار لا کر اپنی تعلیمی اداروں میں رائج کئے اور علم کو اتنی اہمیت دی کہ تاریخ میں انہیں ہمیشہ یاد رکھا جائیگا ۔ یہ علم ہی تھی جس نے انہیں تاریکیوں سے آزاد کر دیا اور آج ساری دنیا میں راج کرنا سکھا دیا ۔ تاریخ کے مطالعے سے پتہ چلتا ہے کہ جن قوموں نے علم کو اہمیت دی تو ہر میدان میں ترقی نے ان کے پاؤں چھو لئے اور جن قوموں نے اس سے غفلت برتا تو وہ زوال کا شکار ہوئے اور آج ان کی داستانیں داستانوں میں نہیں ملیں گی ۔ اسی لئے تو کسی نے خوب کہا ہے:

اگر آگے بڑھنا ہے تو الف، ب پہ یقین رکھ

☆☆

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

کرپشن

شبیر احمد (ایف اے، سال اول)

کرپشن کے عالمی دن کے موقع پر نیب کے زیر اہتمام کوئٹہ میں منعقد کئے تقریری مقابلے میں یہ تقریر پیش کرنے والے نے صوبائی سطح پر تیسری پوزیشن حاصل کی۔ ادارہ کیچ میگزین اور کالج انتظامیہ کی طرف سے اس ہونہار طالب علم کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ ہمارے ہاں ٹیلنٹ کی کمی نہیں ہے۔ مواقع اور حالات اگر میسر ہوں تو.....

ایڈیٹر کیچ میگزین

انداز بیاں گرچہ بہت شوخ نہیں ہے
شاید کہ اتر جائے ترے دل میں مری بات

ابتدا اس رب ذوالجلال کے بابرکت نام سے جس نے مجھے آپ کے سامنے کھڑے ہونے کی سکت دی۔

قابل صد تکریم میرِ محفل و اربابِ علم و دانش اور میرے علم دوست ساتھیو السلام علیکم!

میرے موضوع ہم کلامی مجھے اس بات کی اجازت نہیں دے رہا کہ گفتگو کا سرا کہاں سے تلاش کروں۔ قلت وقت کے باوصف خیالات، موضوع کی ہمہ گیری، علم کی کم دامنی، سخن محفل کی نزاکت و بے قرانی کا ایک تلاطم مرے قلب وذہن میں موجزن ہے کہ کہاں موضوع کی آفاقیت اور کہاں یہ ہیچ دامانی، وقت کا سکڑتا ہوا دامن مجھے اس بات کی طرف متوجہ کر رہا ہے کہ:

اپنی خرابیوں کو پس پشت ڈال کر
ہر شخص کہہ رہا ہے زمانہ خراب ہے

جی ہاں! یہ ایک اٹل حقیقت ہے کہ عصر حاضر کا ہر فرد اپنی خامیوں کو سات پردوں میں چھپا کر دیگر افراد پر تنقید کرتا رہتا ہے۔

☆ اگر ایک طالب علم اپنے غیر حاضر دوست کی حاضری لگاتا ہے۔

☆ اگر کوئی ڈاکٹر سالہا سال ہسپتال کا رخ تک نہیں کرتا اور باقاعدگی سے تنخواہ وصول کرتا ہے۔

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

☆اگر کوئی تاجر ناپ تول میں کمی کرتا ہے۔

☆اگر کوئی سرکاری افسر رشوت ستانی کرتا ہے۔اور جب کبھی کوئی افتاد ٹوٹ پڑتی ہے تو بیجا زمانے کو دوش دیتا ہے۔کیونکہ ہمیں اپنے گریبان میں جھانکنے کی عادت نہیں ہے۔ہمیں معلوم ہی نہیں کہ اللہ تعالیٰ قرآن مجید میں ارشاد فرماتا ہے:

''اے مومنو! اللہ سے ڈرو اور اپنے کئے پر نظر رکھو''۔

یہاں اللہ رب العزت نے اپنی حبیب ﷺ، صحابہ کرامؓ اور تمام عالم اسلام کی توجہ خود احتسابی کی طرف مبذول کرائی۔

پر آج کے اخبار کے پیمانے تک بدل گئے نہ خوب کو خوب بنا کر دل آویز روپ میں پیش کیا جا رہا ہے۔

آج کا نوجوان جو روشن مستقبل کا ضامن کہلاتا ہے نشے کو فیشن، تعلیم کو ٹینشن اور فقط ذریعہ معاش سمجھتا ہے۔

حاضرین محفل!

پاکستان میں لازوال وسائل ہونے کے باوجود آج غربت و افلاس میں افریقی ممالک سے بھی برا حال ہے۔تعلیم کے میدان میں 173 ممالک کی فہرست میں 148ویں نمبر پر ہے۔ٹرانسپرنسی انٹرنیشنل کے مطابق پاکستان میں 1800 ارب روپے کی ٹیکس چوری ہوتی ہے۔ کم و بیش ایک ہزار ارب روپے کی کرپشن ہوتی ہے۔کون کرتا ہے؟

زمانہ کرتا ہوگا؟ میں تو ایک شریف النفس شہری ہوں حضور والا، اعلیٰ وقار!۔

اللہ تعالیٰ خود احتسابی کا اعلان فرماتا ہے:

''اپنے آپ کو آگ سے بچاؤ۔ بیشک اس کے حصے میں فلاح آئی جس نے اپنے نفس کا احتساب کیا اور وہ برباد ہو گیا جس نے اس سے دوری اختیار کی''۔

خود احتسابی ایک بامعنی اسلوب حیات ہے۔ یہ خوش آئند فصل انسان کو اس کے معراج تک لے جاتا ہے۔انسان اپنے اعمال کی نگرانی کرتے ہوئے پرہیزگار بن جاتا ہے۔ آج ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم خود احتسابی کے اسلوب حیات کو اجاگر کریں۔معاشرتی ناہمواریوں کو ختم کر کے عدل وانصاف عام کریں۔لیکن یہ تب ہی ممکن ہے جب ہم اپنے نفس کا احتساب کریں گے۔خود کو قانون کے تابع رکھیں گے۔حکومتی نمائندے کی حیثیت سے عوام کا مال نہیں کھائیں گے بلکہ اس کی حفاظت کریں گے۔تو اس میں ہماری بقا و سلامتی کا راز مضمر ہے۔

ارشاد ربانی ہے:

''اپنے نفسوں کا احتساب کرلو اس سے پہلے کہ وہ تمہارا احتساب کرے''۔

والسلام

☆☆

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

ایک زندہ کردار

جاوید بشیر بلوچ (ایف ایس سی، سال اول)

اتوار کا دن تھا۔ بازار میں خوب گہما گہمی تھی۔ اس گہما گہمی میں شامل ہونے کے لئے میں گھر سے نکلا اور بازار کی راہ لی۔ کچھ خاص کام نہ تھا۔ پیشہ سے لکھاری تھا اس لئے نئے خیالات اور کرداروں کی تلاش میں مٹر گشت کرتا رہتا تھا۔ اردگرد کے چیزوں اور انسانوں کا مشاہدہ کرنے کا ایک الگ ہی مزہ ہے۔ یہی چیزیں میری تخلیقات کی تشکیل میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

یوں ہی ٹہلتے ٹہلتے میں چار چوک پر آ نکلا۔ یہاں کان پھاڑنے والا شور مچا تھا۔ چاروں اطراف سے گاڑیاں آ رہے اور جا رہے تھے۔ ٹریفک پولیس کا نام ونشان نہ تھا۔ سوچا یہ ملک کبھی نہیں سدھرے گا اگر ہم اپنے غرض سے یونہی کوتاہی برتیں گے۔ ٹریفک پولیس کے نہ ہونے کی وجہ سے ٹریفک خاصا سست رفتار تھا۔ تھوڑی دیر کے لئے میں وہیں کھڑا رہا۔ پھر سیدھا ''مستان چائے ہوٹل'' چلا گیا۔ چائے میری کمزوری تھی۔ مجھے کھانا ملے نہ ملے تو کوئی مسئلہ نہیں مگر چائے کے بغیر میں نہیں رہ سکتا تھا۔

ہوٹل میں داخل ہوتے ہی میری نظر ویٹر پر پڑی۔ سب اسے چھوٹو کہہ کر پکار رہے تھے۔ چائے پینے کے بعد میں نے اسے بلایا تا کہ پیسے ادا کر سکوں۔ وہ ایک کمسن لڑکا تھا۔ عمر پندرہ تا سولہ سال کے لگ بھگ معلوم ہوتا تھا۔ مجھے اس پر بڑا ترس آیا۔ اس کی عمر کے دوسرے بچے جہاں تعلیم کے زیور سے مستفید ہو رہے تھے وہیں وہ چائے پلانے پر مجبو رتھا۔ مجھے چھوٹو میں اب دلچسپی محسوس ہونے لگا۔ میری قصے کہانیوں کے کردار اکثر غریب و مفلس بچے ہوتے تھے۔ مجھے لگا کہ چھوٹو کے کردار سے میں ایک نئی کہانی تحریر کر سکتا ہوں۔ میں نے اس سے بات کرنے کی ٹھان لی تا کہ اس کا بیک گراؤنڈ جان سکوں۔ مگر آج وہ بہت مصروف نظر آ رہا تھا سوچا کہ کسی اور دن آ کر مل لوں۔ میں نے اسے چائے کے پیسے ادا کئے اور باہر نکل گیا۔ پیسے دیتے وقت میں نے چھوٹو سے اس کا نام پوچھ لیا تھا۔ اس نے اپنا نام ''قادر'' بتایا۔ خدا کے ننانوے صفتی ناموں میں سے ایک نام ''قادر''۔

ہوٹل سے نکل کر میں سیدھا گھر کی جانب روانہ ہوا۔ بازار میں زیادہ دیر نہیں ٹھہرنا چاہتا تھا۔ آج کی تلاش ختم ہو گیا تھا۔ مجھے اپنی نئی کہانی کا کردار مل گیا تھا۔ اب کچھ ہی دنوں میں ایک نئی کہانی تخلیق کرنے کے موڈ میں تھا۔

دوسرے دن کچھ ایسے حالات ہوئے کہ میں ہوٹل نہ جا سکا۔ تیسرے دن صبح ہی کو میں مستان ہوٹل پہنچ گیا۔ بدقسمتی سے اس وقت ہوٹل میں خاصا رش لگا تھا۔ ہر طبقے کے لوگ نظر آ رہے تھے۔ مزدور، طلبا، اساتذہ، دکاندار، بیروزگار، برسرِ روزگار، غرض ہر طرح کے لوگ چائے پینے اور ناشتہ کرنے

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

موجود تھے۔ مستان ہوٹل بازار کے پر رونق ایریا میں واقع تھا۔ اس لئے اس میں ہر وقت خاصا رش لگا رہتا تھا۔

میں ایک خالی کرسی پر بیٹھ گیا۔ کافی انتظار کے بعد اور چائے کے چار کپ پینے کے بعد جب رش کم ہوا تو میں نے قادر کو آواز دی۔ وہ پہلے ہی آواز میں میری جانب متوجہ ہوا۔ وجہ غالباً یہ تھا کہ میں نے اسے چھوٹو کے بجائے قادر کے نام سے پکارا تھا۔ وہ میرے پاس پہنچا تو میں نے کہا۔ ''میرا نام چاکر حیدری ہے، میں ایک لکھاری ہوں۔ مجھے آپ سے بات کرنی ہے، بولو! کب فارغ ہو جاؤ گے تم''۔

یہ سن کر وہ حیران و پریشان ہوا۔ جھجکتے ہوئے وہ بولا۔

''صاحب! پتہ نہیں آج آپ مجھ سے کیا بات کرنا چاہتے ہیں، لیکن میں آپ کو منع نہیں کر سکتا۔ آپ کا نام کافی سنا ہوا ہے۔ ہوٹل ایک سے لیکر تین بجے بند ہوتا ہے تب آ کر ملنا''۔

مجھے اس کی اس طرح جلدی رضامندی کی امید نہ تھی۔ اس سے زیادہ خوشی کی بات یہ تھی کہ ایک چائے پلانے والا مجھ سے واقف ہو گیا۔

''میں ٹھیک ایک بجے آؤنگا۔ اس وقت ایک کپ چائے پلا دو۔ جلدی جاؤ دوسرے گاہک بھی تمہارے انتظار میں بیٹھے ہیں''۔

''جی صاحب!''۔ کہہ کر وہ اپنے کام پر لگ گیا۔

چائے کا پانچواں کپ پی کر میں نے پبلک لائبریری کی جانب قدم بڑھائے لائبریری ہوٹل سے تقریباً ڈیڑھ دو کلومیٹر کے فاصلے پر واقع تھا۔ میں لائبریری میں سعادت حسن منٹو کے افسانوی مجموعے کے مطالعے میں مصروف ہو گیا۔ کتاب ختم کرتے کرتے ایک بج کر بیس منٹ ہو چکے تھے مجھے اپنے آپ پر غصہ آیا کہ اتنی دیر کیوں کر دی۔ کہیں آج پھر قادر سے ملاقات نہ ہو سکے۔ میں تیز قدموں سے ہوٹل کیجانب چل پڑا۔ چار چوک پر پہنچا تو دیکھا کہ قادر سڑک کے دوسری جانب انتظار میں کھڑا ہے۔ اس نے مجھے دیکھا تو بول پڑا۔ ''ارے صاحب! کب سے میں تیرے انتظار میں کھڑا ہوں۔ ابھی مجھے کھانا کھانے بھی جانا ہے''۔

وہ بولتے ہوئے سڑک کراس کر رہا تھا۔ اچانک میں نے دیکھا کہ دوسری جانب سے ایک گاڑی برق رفتاری سے قادر کی جانب آ رہی تھی۔ قادر بے خبری سے سڑک کراس کر رہا تھا۔ وقت کم تھا۔ میرا ذہن ماؤف ہو چکا تھا۔ اگلے ہی لمحے گاڑی قادر کو اڑانے والی تھی۔ میں نے قادر پر چھلانگ لگائی اور اسے دھکا دیکر گاڑی کی لپیٹ میں آنے سے بچا لیا۔ مگر میں خود نہ بچ سکا۔ گاڑی میرے دونوں ہاتھوں کو روندتے ہوئے گزر گیا۔ میرے آنکھوں کے سامنے گھپ اندھیرا چھا گیا۔

ہوش آیا تو ہسپتال میں تھا۔ گھر والے سرہانے کھڑے تھے۔ قادر بھی ایک طرف کھڑا تھا۔ اس کی آنکھوں سے آنسوؤں کی ایک لڑی جاری تھی۔ ایکسیڈنٹ میں میرے دونوں ہاتھ ضائع ہو چکے تھے اسی لئے آپریشن میں ان کو کاٹ دیا گیا تھا۔ مجھے محسوس ہوا جیسے مجھ سے میرا سب کچھ چھین لیا گیا تھا۔ میرا فن بھی میرے ہاتھوں کی طرح مجھ سے دور کر دیا گیا تھا۔ میں نے قادر کی طرف نظر اٹھائی اور مسکرا دیا۔ کردار تو زندہ تھا مگر شاید کہانی تا قیامت نامکمل رہنے والا تھا۔

☆☆

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

زندگی کی قیمت

شبیر احمد (ایف اے، سال اول)

مغرب کی اذان ہو چکی تھی۔ اندھیرا چار سو پھیلنے لگا تھا۔ شہر کے بازار میں رش تھا۔ جوں جوں وقت گزرتا جاتا توں توں بھیڑ میں اضافہ ہوتا جاتا تھا۔ شہر سے چند کوس دور ایک چھوٹی سی بستی آباد تھی۔ بستی کے ایک تقریباً اجڑے ہوئے جھونپڑی میں ایک چھوٹا بچہ اپنی ماں کے آغوش میں سر رکھ کر سونے کی کوشش کر رہا تھا۔ مگر نیند تھی کہ اس سے بھاگتی پھرتی تھی۔ بچہ بار بار کروٹ بدل رہا تھا مگر کچھ نہ کہتا تھا۔ ماں بیچاری دور شہر کی تلملاتی ہوئی بتیوں کو دیکھنے میں مگن تھی کہ اچانک گولیاں چلنے کی آواز آئی۔

بچہ ہڑبڑا کر اٹھ بیٹھا اور ماں سے سوال کرنے لگا۔

''امی! کیا کل عید ہے جو لوگ گولیاں چلا کر خوشی کا اظہار کر رہے ہیں''۔

ماں اس یکبارگی سوال سے حواس باختہ ہوئی اور کہنے لگی۔'' نہیں بیٹا کل تو عید نہیں ہے ابھی عید کو بہت دن باقی ہیں''۔

ماں یہ کہہ کر کٹیا کے اُس اوپری حصے کی طرف دیکھنے لگی جہاں چھت اکھڑ چکا تھا اور آسمان دکھائی دیتا تھا۔ ماں کی آنکھوں میں نمی جھلکنے لگی تھی جیسے وہ اپنی اس جھوٹ پر شرمندہ ہو جو اس نے اپنے بیٹے سے کہی تھی۔

اسی اثنا میں پھر فائرنگ کی آواز آئی پھر فضا میں خاموشی چھا گئی۔

جھونپڑی میں سکوت کا عالم تھا۔ تاریکی بھی پھیل چکی تھی۔ جھونپڑی میں بچے کی آواز گونجی'' اماں کیا عید تک تم میرے لئے نئے کپڑے خرید لوگی یا پچھلی عیدین کی طرح اس مرتبہ بھی مجھے یہ پرانے پیوند لگے کپڑے پہنے پڑیں گے۔

ہرگز نہیں! اس بار مجھے نئے کپڑے چاہیے اور میرے پاس جوتے بھی نہیں ہیں لیکن میں نے تم سے کبھی اس کی فرمائش نہیں کی۔ عید کے دن ہر بچہ نئے کپڑے اور نئے جوتے پہنتا ہے کیا مجھے حق نہیں''۔

یہ کہہ کر بچے نے ایک سرد آہ لی اور ماں کو تکنے لگا۔ مگر ماں کی ہونٹوں میں جنبش تک نہ ہوئی جیسے گنگ ہو گئی ہو۔ وہ بدستور آسمان کی طرف دیکھتی چلی جا رہی تھی۔ ماں کی طرف سے کوئی جواب نہ پا کر بچہ پھر بول اٹھا۔'' کاش میرا باپ زندہ ہوتا تو میں بھی ہر عید کو نئے نئے کپڑے اور جوتے پہنتا۔ ابا مزے مزے کے کھانے لاتا''۔

یہ سننا تھا کہ ماں کے آنسو پلکوں کے بند توڑ کر اس کی صبر کا مذاق اڑاتے ہوئے اس کی لاچارگی و مفلسی پر ہنستے ہوئے مثلِ موجِ دریا رواں ہو گئے۔ ماں نے بیٹے کو خود سے لپٹا لیا تاکہ وہ اس کے اشک نہ دیکھ سکے۔

ماں نے اپنے آنسو پونچھتے ہوئے کہا'' بیٹا! ایسا نہیں سوچتے اس جہاں میں ایسے کئی بچے ہیں جن کے ماں باپ دونوں نہیں ہیں۔ تمہیں تو اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنا چاہیے کہ ابھی تک تمہاری ماں حیات ہے۔ بیٹا! میری ایک بات ہمیشہ یاد رکھنا یہ جو لوگ فضول ہوائی فائرنگ کر کے عید کی خوشی ظاہر کرتے ہیں۔ یہ نادان ہیں۔ تم دیکھتے ہو نا بیٹا ہماری بستی میں کتنے

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

غریب لوگ ہیں۔ اگر یہ جو اپنے پیسے گولیاں خرید کر ضائع کرتے ہیں اگر ان پیسوں سے ہی نادار، یتیم بچے کی خوشی پر صرف کردیں تا کہ وہ بچہ بھی عید کی خوشیوں میں شریک ہو سکے تو انہیں وہ سچی خوشی ملے گی جس کا کوئی مول نہیں۔ اگر اللہ نے چاہا اور تم بڑے ہوئے تو دوسروں کا خیال ضرور رکھنا۔ یہی انسانیت ہے''۔

ماں رات گئے تک بیٹے کو نصیحت کرتی رہی یہاں تک کہ بچہ نیند کی وادی میں کھو گیا پر ماں ساری رات جاگتی رہی۔

****

صبح سویرے بچہ چڑیوں کی چہچہاہٹ سے نیند سے بیدار ہوا۔ ماں نے سوکھی روٹی پانی میں ڈبو کر اپنے لخت جگر کو کھلایا۔

جب سورج اپنی پوری آب و تاب سے افق پر نمودار ہوا تو قریبی مسجد سے وعظ کی آواز آنے لگی جو لوگوں کو نماز عید کی طرف متوجہ کر رہی تھی۔ لوگ تیار ہو کر نماز عید کے لئے جا رہے تھے بچہ اسی دوران اپنی جھونپڑی سے نکل کر شہر کے قریب آ گیا تھا اور لوگوں کو نئے کپڑوں میں ملبوس دیکھ کر وہ اشد حیران ہوا۔ اسے خیال آیا شاید اس کی ماں کو غلط فہمی ہوئی تھی۔ عید تو آج ہے۔

یہ سوچ کر وہ اپنی جھونپڑی کی طرف مڑا اور دوڑتا ہوا اپنی ماں کے پاس پہنچا اور اسے سب کچھ بتایا جو اس نے دیکھا تھا۔ نئے جوڑے کا مطالبہ کیا۔ ماں جان چکی تھی کہ بیٹے کو پتا چل چکا ہے کہ آج عید ہے اسے مزید حیلے سے ٹالنا ممکن نہیں تو وہ پریشان ہو گئی۔

بچہ بار بار اپنے مطالبے پر زور دے رہا تھا اسے کیا پتہ کہ تنگ دستی کسے کہتے ہیں۔ تھوڑی دیر کے بعد اس نے رونا شروع کر دیا۔

ماں اپنے بیٹے کے آنکھوں میں آنسو نہیں دیکھ سکتی تھی وہ کچھ دیر سوچتی رہی پھر اس نے من ہی من میں کوئی فیصلہ کیا اور بیٹے سے مخاطب ہوئی۔

''ٹھیک ہے میں تمہارے لئے نیا جوڑا لینے جا رہی ہوں یہ رونا بند کرو''۔

ماں نے یہ کہہ کر بیٹے کے آنسو پونچھے اسے گلے سے لگایا پھر اپنی بوسیدہ سی شال لپیٹی اور باہر چلی گئی۔

بچے کے خوشی کی انتہا نہیں تھی وہ ماں کے انتظار میں جھونپڑی کے باہر بیٹھا ہوا تھا کہ ابھی ماں آئے گی اور نیا جوڑا لائے گی مگر صبح سے دوپہر ہو گئی۔ ماں کی کوئی خبر نہ آئی۔ آخر شام ہو گئی۔ سورج غرب میں ڈوبنے کو مچل رہا تھا۔ بچے کی بے چینی وقتاً فوقتاً بڑھتی جا رہی تھی یکا یک دور سے چند افراد ایک چارپائی لاتے ہوئے بچے کو دکھائی دیے۔

لمحہ بہ لمحہ وہ قریب تر ہوتے جاتے۔ یہاں تک کہ وہ لوگ بچے کے سامنے پہنچے۔ ان میں دو تین لوگ اسی بستی کے تھے اور کچھ انجانے۔ انہوں نے چارپائی زمین پر رکھی۔ بچہ چارپائی پر اپنی ماں کو بے سدھ دیکھ کر اس کی طرف لپکا۔ جھنجھوڑ کر ماں کو اٹھانے کی بے سود کوشش کی اور پھر دھاڑیں مار کر رونے لگا۔ ماں کے منہ سے جھاگ نکل رہی تھی شاید اس نے زہر پیا تھا۔ مجمع میں کھڑے کسی انجانے شخص کی نظر بچے کے ہاں کی مٹھی پر پڑی جس میں کچھ تھا۔ اس شخص نے آگے بڑھ کر مٹھی کھولی تو ایک کاغذ کا ٹکڑا برآمد ہوا۔ جس پر لکھا تھا:

''اے مسلمانو! میری زندگی کی قیمت دو۔ مجھے کفن نہیں چاہیے میرے بچے کو عید کا جوڑا دلا دو''۔ ☆☆

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

برے حکمران

شکر اللہ محسن (ایف ایس سی، سال اول)

ایک دن میں اپنے تبلیغی دوستوں کے ساتھ بیٹھا تھا۔ میں نے کہا ملک میں اتنی بدامنی کیوں پھیلی ہوئی ہے۔ ملک میں ہر حکمران آ کر کہتا ہے ''میں تبدیلی لاؤں گا'' بدامنی ختم کروں گا لیکن جب وہ اقتدار سنبھالتا ہے تو وہی بدامنی اور لاپروائی اور مظالم شروع ہوتے ہیں۔ ایسا کیوں ہوتا ہے؟ تو ایک دوست نے فرمایا:

''پرانے زمانے میں ایک ظالم بادشاہ تھا۔ اس کے سارے قانون وقواعد ظالمانہ تھے، عوام اس سے تنگ آ گئے تھے کہ اس بادشاہ کا کیا کریں۔ سب نے مل کر مشورہ کیا کہ ہم اس بادشاہ کو اٹھا کر ایک اچھا بادشاہ لے آئے ہیں جو ہم پر ظلم نہ کرے اور ہمارے حقوق ہمیں دے۔ اور جو سب سے زیادہ مخلص ایماندار اور رحم دل ہو تو سب نے مل کر ایک اچھے شریف مخلص اور دیندار شخص کو ڈھونڈ لیا۔ اور اسے اپنا بادشاہ بنا دیا۔ بادشاہ نے پہلے والے بادشاہ کے سارے قانون وقواعد تبدیل کئے اور عوام کے حقوق انہیں دیے اور ظلمت ختم کر دی۔

لیکن کچھ مہینے بعد بادشاہ نے ایک خواب دیکھا اور صبح ملک کے تمام قانون وقواعد تبدیل کر کے اسی پہلے والے بادشاہ کے قانون رائج کئے اور ظلم وناانصافی شروع کر دی اور پہلے والے بادشاہ کی طرح بن گیا۔

جب عوام نے ظلم وتشدد دیکھے تو حیران رہ گئے کہ ہم نے ایک مخلص آدمی کو اپنا بادشاہ بنایا تھا لیکن یہ بھی تو ظالم نکلا۔ وہ اس سے ملنے گئے۔

لوگوں نے پوچھا کہ ہم نے آپ کو ایک مخلص اور اچھا آدمی سمجھ کر اپنا بادشاہ بنایا تھا لیکن آپ بھی پہلے والے بادشاہ جیسے بن گئے۔ ایسا کیوں؟ تو بادشاہ نے فرمایا ''میں نے ایک خواب دیکھا کہ ظالموں پر ظالم برس رہے ہیں اور آواز آئی اے بادشاہ تو ان لوگوں پر اچھی حکمرانی کر رہے ہو جو دوسروں پر ظلم کرتے ہیں۔ حرام کھاتے ہیں اور خدا کی نافرمانی کرتے ہیں۔ اور ہر طرح کی برائیوں میں مبتلا ہوتے ہیں۔ اور کہا تم لوگ دوسروں پر ظلم کرتے ہو اور سوچتے ہو کہ ہم پر کوئی ظلم نہ کرے۔ ہم حرام کھائیں اور سکون اور آرام سے رہیں۔ یہ ہو نہیں سکتا کیونکہ خدا کا حکم ہے کہ ظالم کے اوپر ظالم ہو۔

اگر تم سب اچھے بن گئے ایماندار خدا ترس اور حرام خوری سے پاک ہو تو تم پر کوئی ظلم وزیادتی نہیں کر سکتا''۔

اے میرے ملک کے عوام اب آپ ہی بتائیں کہ ہم کون سے برے کام میں مبتلا نہیں ہیں جو ہم پر ہو رہے ہیں۔ ہم لوگوں پر ظلم کرتے ہیں، جھوٹ بولتے ہیں، ملاوٹ کرتے ہیں تو ہم پر ظالم اور جھوٹے حکمران نہیں ہوں گے تو کیا ہوگا۔ جب ہم خود برے ہیں تو حکمران برے ہی ہوں گے۔ ☆☆

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

لالچی قالین فروش

راشد خاطر (ایف ایس سی، سال دوئم)

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ دو دوست جعفر اور گلشیر دو دوست تھے اور بہت خوبصورت قالین اور کارپٹ بیچ دیتے تھے ان دونوں کی بہت دور دور تک شہرت تھی اس لئے کہ وہ اچھی کوالٹی کے قالین فروخت کرتے تھے۔

ایک دفعہ دونوں دوستوں نے فیصلہ کیا وہ اپنی قالین اور کارپٹ لیکر ایک اور شہر میں فروخت کے لئے لے جائیں گے۔ اپنا سارا سامان ریڈی پہ رکھ دیا اور چلے گئے دوسرے ایک شہر میں انہوں نے تمام قالین بیچ کر بہت اچھا منافع کمایا اور اس منافع سے دونوں بہت زیادہ خوش تھے خوشی سے انہوں نے واپسی کی سفر شروع کی۔ انہوں نے اپنے کاروان کے لوگوں کو ایک اور راستے پر جانے کا مشورہ دیا اور خود شارٹ کٹ راستے پر جانے کا فیصلہ کیا جلدی میں وہ اپنے گھر والوں سے ملنا چاہتے تھے۔ وہ جنگل کے راستے سے جا رہے تھے اچانک آہستہ آہستہ بادل آسمان پر چھا گئے اور بارش برسنا شروع ہوئی۔ دونوں دوست ڈھونڈتے ڈھونڈتے ایک چھوٹی سی جھونپڑی میں پہنچ گئے جو بہت پرانی لکڑی سے بنا تھا۔ ان دونوں نے وہاں کچھ دیر آرام کی اور کھانا کھانے لگے پھر انہوں نے لیدر کے بیگ کو سونے کے سکوں سے بھرا زمین پہ گرا دیکھا دونوں نے سونے سے بھرا ہوا بیگ آپس میں تقسیم کیا۔ تقسیم کے بعد آرام کیا تو ایک دوست جعفر سو گیا۔ گل شیر نے سونے کے سکے کو دیکھا تو لالچی ہو گیا۔ دل میں برا خیال آیا کہ میں کیوں اپنا دولت اس کے ساتھ تقسیم کروں۔ وہ دل میں سوچنے لگا کہ ہر شخص یہ جانتا ہے کہ میں ایک قالین بنانے والا انسان ہوں اور میں ایک اچھا کاروباری شخص ہوں۔ مجھے اس دوست کی کوئی ضرورت نہیں۔ اگر میں الگ ہو جاؤں تو اپنا ایک الگ کاروبار کروں گا۔ لالچ میں آ کر آخر کار اپنے دوست کو سوتے میں ہی قتل کر دیا۔

گلشیر نے لیدر کے بیگ کو جھونپڑی کے کونے میں دفن کر دیا بیگ میں سونے کے سکے بھی تھے، وہیں دفن کر دیے۔ گل شیر نے چہرے پر ترمٹی ڈالے اور کپڑوں پر بھی لگا دی اور بارش میں بھاگنا شروع کیا اور کسی علاقے میں پہنچا تو دور دور

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

روتے ہوئے چلانے لگا کہ لٹ گئے... اس نے روتے ہوئے کہا کہ ڈاکوؤں نے جنگل میں سارا سامان لوٹ لیا ہے اور میرے دوست جعفر کو قتل کر دیا اور میں بہت مشکل سے اپنی جان بچا کر آیا ہوں۔ تمام لوگ اس کے آس پاس کھڑے ہوئے اور ہمدردی دکھا دی اور کچھ لوگ ساتھ روانہ ہوئے وہاں جا کر جعفر کی لاش لیکر آئے۔ لوگوں نے وہاں جا کر دیکھا اور جعفر کی لاش لے آئے۔

گلشیر پر کسی کو بھی شک نہیں ہوا۔ کئی سالوں بعد گلشیر نے تنہا کاروبار شروع کر دیا اور بہت کامیاب ہو گیا اور کچھ مہینوں بعد اس نے سوچا کہ یہ اچھا وقت ہے کہ وہ واپس جھونپڑی میں جا کر بقیہ دولت نکال لائے۔ دوسرے دن وہ اپنے گھوڑے پر سوار ہو کر روانہ ہوا۔ اتفاقاً اس دن بھی بارش ہوئی گل شیر نے بڑی مشکل سے جھونپڑی کو ڈھونڈا۔ اچانک اس نے محسوس کیا کہ عجیب قسم کی آوازیں آ رہی ہیں اسے خوف محسوس ہوا۔ ایک پرانا سا درخت جڑ سے اکھڑ کر اس پر گر پڑا تو اس نے بھاگنے کی کوشش کی لیکن وہ بھاگ نہ سکا اور بڑا درخت اس پر گرا تب وہ وہیں اس کے نیچے کچل کر مر گیا۔ سچ ہے کہ لالچ بری بلا ہے۔

☆☆

مقصد اور شوق

محمد وسیم (ایف ایس سی، سال اول)

مقصد اور شوق ہر انسان کے اندر فطرتاً دونوں موجود ہوتے ہیں۔ یہ دونوں قدرتی چیزیں ہیں جو انسان کے ذہن میں جنم لیتے ہیں۔ دنیا میں ایسا کوئی بھی نہیں جس کی زندگی کا کوئی مقصد یا شوق نہ ہو۔ یہ دونوں انسان کے لئے لازمی جزو ہیں۔ انسان اس وقت کامیاب نہیں ہوتا جس کی زندگی کا کوئی مقصد نہ ہو مقصد ایک ایسی چیز ہے جو آپ کو اپنے منزل تک پہنچاتا ہے جو آپ کو کامیاب بناتا ہے مقصد ایک ایسی چیز ہے جو آپ کو راستہ دکھاتا ہے اور منزل تک پہنچنے میں مدد دیتا ہے۔

شوق ایک ایسی چیز ہے جو آپ کی جذبات کو آگے بڑھاتا ہے آپ کے ذہن میں جذبات پیدا کرتا ہے۔ دنیا میں وہ لوگ کامیاب ہوتے ہیں جو اپنے شوق کو قربان کر کے مقصد کی طرف چلتا ہے اور مقصد کا پانے کی کوشش کرتا ہے مقصد ہی اصلی منزل ہے۔ دنیا میں ہر انسان چاہتا ہے کہ میں اپنی منزل تک پہنچوں اپنی منزل ڈھونڈوں، منزل تلاش کرنا ہی مقصدِ حیات ہے۔ جو انسان شوق کے لئے اپنے مقصد کو قربان کرتا ہے میرے خیال میں وہ انسان نہیں کیونکہ شوق اصل منزل نہیں شوق تو ذہنی خواہش ہے۔ خواہش ایک ایسی چیز ہے جس کا کوئی منزل نہیں جب انسان کے خواہشات پورے ہوتے ہیں تو دوسری خواہش جنم لیتا ہے۔

☆☆

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

ایسا کیوں ہوتا ہے

محمد وسیم (ایف ایس سی، سال اول)

انسان پیدا ہوتے ہی غریبی اور امیری میں بٹ گئے ہیں۔ ایک آدمی غریب ہوتا ہے تو دوسرا امیر، جس دن اللہ تعالیٰ نے اس زمین کو بنایا اور اس زمین پر انسان آئے تو یہاں پر انسان نے رہنا سیکھا، جوں جوں انسان کی آبادی بڑھتی گئی تو اس میں دو قسم کے لوگ دیکھنے کو ملے ان میں سے کچھ امیر رہے اور کچھ غریب۔ ہر ایک نے اپنی طرح زندگی گزارنے کا طریقہ سیکھا۔ امیر، امیرانہ زندگی اور غریب، غریبانہ زندگی گزارنے لگے۔

چونکہ میں ایک غریب طالب العلم کی بات کر رہا ہوں تو ایک غریب طالب العلم اور ایک امیر طالب العلم میں بہت فرق ہے۔ ایک امیر طالب العلم اعلیٰ درجے کے اسکول میں پڑھتا ہے یقیناً وہ اعلیٰ درجے کا تعلیم حاصل کر سکتا ہے جبکہ غریب طالب العلم اعلیٰ درجے کے اسکول میں نہیں پڑھ سکتا کیونکہ اسے دو وقت کی روٹی نہیں ملتا وہ کیسے اعلیٰ درجے کا تعلیم حاصل کر سکتا ہے۔ وہ چاہتا ہے کہ میں اعلیٰ درجے کا تعلیم حاصل کروں اور اعلیٰ درجے کے اسکول میں پڑھوں۔ یہ غریب کے لئے ایک خواب کی طرح ہے وہ صرف وہی اسکول میں پڑھ سکتا ہے جہاں تعلیم مفت ہو، پھر بھی اس کے لئے مشکل ہوتا ہے لیکن اسے برداشت کرنا پڑتا ہے۔

ہمارے ہاں ایک چیز بہت مشہور ہے کہ امیر لوگوں کو آگے بڑھاؤ اور غریب لوگوں کو پیچھے دھکیل دو۔ ہمارے معاشرے میں غریب لوگوں کی تو کوئی عزت ہی نہیں، عزت تو دور کی بات ہے غریبوں کو تو انسان ہی نہیں سمجھتے، جب ایک امیر غلطی کرتا ہے تو اسے کوئی پوچھتا ہی نہیں جبکہ ایک غریب چھوٹی سی غلطی کرے تو اسے بہت سخت سزائیں دیتے ہیں۔ اس لئے کہ وہ ایک غریب ہے غریب کو یہاں پر رہنے کا کوئی حق نہیں ہے حق ہے تو صرف امیر لوگوں کا۔ ایک غریب طالب العلم آگے بڑھنے کی کوشش کرتا ہے تو اسے آگے بڑھنے سے روکا جاتا ہے۔ کہتے ہیں کہ آپ تو غریب ہیں غریبی میں اچھے ہو۔ آپ کو تو تعلیم حاصل کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ آپ اپنا وقت کیوں ضائع کرتے ہیں جاؤ کوئی کام کرو تمہارے لئے بہتر ہے۔ غریب لوگ ہر وقت تعلیم سے محروم رہتے ہیں۔ انہیں تعلیم حاصل کرنے کا حق بھی نہیں دیتے۔ اس لئے اس نظام تعلیم میں امیر لوگ، دن بہ دن امیر تر اور غریب لوگ غریب تر ہوتے جا رہے ہیں۔

ایسا کیوں ہوتا ہے یہ آپ کو سوچنا ہے۔ ☆☆

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

انسانیت اور غربت

عثمان بلوچ (ایف ایس سی)

انسانیت اور غربت دو ایسی چیزیں ہیں جن کے بغیر کوئی بھی شخصیت انسان کہنے کے لائق نہیں ہوتا۔ سب سے پہلے میں ان دونوں کی الگ الگ تعریف کرنا چاہتا ہوں۔

غربت: غربت ایک ایسی بیماری ہے جو جس انسان کو ہوتا ہے وہ کبھی اچھی زندگی گزار نہیں سکتا۔ غربت، غربت سے پیدا ہوتا ہے کیونکہ غریب ہی کی وجہ سے غربت کا مرض پھیل جاتا ہے۔

انسانیت: ایک شخص اس وقت تک کوئی انسان نہیں بن سکتا جب تک اس کے اندر خوبیاں، اچھائیاں موجود نہ ہوں۔ انسانیت ہی کی وجہ سے انسان سب کچھ سیکھ لیتا ہے۔ دنیا میں ہر شخص کو سب سے پہلے انسانیت کی تربیت دی جاتی ہے۔

دنیا میں سب سے زیادہ غربت افریقہ میں پایا جاتا ہے لیکن ان میں انسانیت بہت زیادہ ہے وہ جنگلوں میں رہ کر بھی بغیر کھانے کے زندہ ہیں مگر جب انہیں کوئی کھانا ملتا ہے تو وہ یہ خوراک اس انسان کو دیتے ہیں جو سب سے زیادہ بھوکا ہے۔

آج دنیا کے کچھ ممالک جن میں لوگوں کو سب سے پہلے انسانیت کا درس دیا جاتا ہے وہاں غربت آہستہ آہستہ ختم ہو رہی ہے کیونکہ بغیر انسانیت کے غربت کو مٹانا ناممکن ہے۔

دنیا میں جتنے بھی پیغمبر آئے ان سب نے انسانیت کا سبق لوگوں کو دیا اور کہا کہ ایک اچھے انسان کی پہچان اخلاق اور انسانیت ہے۔ یہ ہماری بدقسمتی ہے کہ جس ملک میں ہم رہتے ہیں وہاں نہ انسانیت لوگوں کے اندر پائی جاتی ہے اور نہ ہی وہاں غربت کو مٹانے کے لئے کوئی اور اقدام اٹھایا جاتا ہے۔

غربت کی وجہ سے ہزاروں لوگوں کی جانیں گئی ہیں۔

انسانیت کی کمی کی وجہ سے لوگ بے موت مر رہے ہیں۔

بڑے سرمایہ دار ممالک کو چاہیے کہ وہ ان ممالک کی مالی مدد کریں جہاں غربت زیادہ ہے۔

☆☆

> ذہانت اور حماقت میں فرق یہ ہے کہ ذہانت کی حد ہوتی ہے۔
>
> (آئن اسٹائن)

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

منشیات ایک لعنت ہے

سوید ستار گلوزئی (ایف ایس سی، سال دوئم)

لفظ ''منش'' کے معنی ہیں نشہ دلانے والی چیزیں۔ آج اور گزرے زمانے میں ایسی چیزیں تھیں جن کے استعمال سے انسان کے دل و دماغ پر اندھے کے بادل چھا جاتے ہیں جس کی وجہ سے انسان نیکی، بدی، جائز و ناجائز اور حق و باطل کے درمیان تعریف کرنے کے قابل ہی نہیں رہتا۔ ایسی تمام چیزیں جو انسان بہ شوق یا مجبوری میں اپناتا ہے ایسی تمام چیزیں مثال کے طور پر ہیروئن، بھنگ، چرس، افیون، شراب اور آج کے انتہائی خطرناک ترین چیزیں شامل ہیں یہ کوئی نئی چیزیں نہیں ان کا استعمال انسان نے قبل از مسیح دریافت کئے۔ چین کے لوگ بکثرت بھنگ استعمال کرتے تھے اور اسی طرح یہ چیزیں چین سے ایران، ہندوستان اور پھر آہستہ آہستہ پوری دنیا میں پھیل گئے اور ایک وقت ایسا بھی آیا انگریزوں نے چینی عوام کو نکما بنانے کے لئے بھی انہیں اسی اجتماعی زہر کی لت ڈالی تھی۔ اگر پوری قوموں کا موازنہ کیا جائے تو اس کا استعمال سب سے کم ایشیا کے لوگ کرتے تھے۔ ایک حدیث میں آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

''جو شخص کوئی نشہ آور چیز استعمال کرے گا قیامت کے روز اللہ تعالیٰ اس کی طرف نظر اٹھا کے بھی نہیں دیکھے گا''۔

نشے کے عادی انسان کبھی بھی اپنے خاندان، قوم اور ملک کی ترقی کی طرف توجہ نہیں دے گا۔ اگر آج ہم اپنے معاشرے میں دیکھیں تو بہت سے لوگ ملیں گے جو اب اس زہر کو استعمال کر رہے ہیں۔ اسی نشے نے بہت سے گھروں کو اجاڑ دیا ہے اور پورے معاشرے کے لئے عذاب کا سبب بن رہے ہیں۔ منشیات کی روک تھام کے لئے ضروری ہے ہم سب اور معاشرے کے تمام لوگ، طلباء، انسانی حقوق کے علمبردار فلاحی ادارے اور دیگر لوگ اس لعنت کو جڑ سے ختم کرنے کے لئے آگے آجائیں۔ سب مل کر اس خاموش زہر کے خلاف آواز بلند کریں تاکہ ہماری آنے والی نسلوں کو اس لعنت سے دور رکھا جائے۔ ایسا نہ ہو پوری قوم اس دلدل میں پھنس کر تباہی کی جانب گامزن ہو۔

☆☆

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

ایک بیٹی کی پکار

شبیر احمد (ایف اے، سال اول)

سراندیپ کے حاکم کی طرف سے بھیجے ہوئے پانچوں بحری جہاز عراق کی جانب رواں دواں تھے۔ ان میں خلیفہ وقت ولید بن عبدالملک اور حجاج بن یوسف گورنر عراق کے لئے بیشمار تحائف کے ساتھ ساتھ کچھ عازمین حج بھی سوار تھے۔

جب اس کی خبر بحری قزاقوں کے سردار موہل رائے تک پہنچی جو اپنے قبیلہ کے ساتھ مکران کے ساحلی علاقوں میں آباد تھا تو موہل رائے نے فوراً راجہ داہر سے رابطہ قائم کیا اور اس کے ساتھ مل کر دیبل کے سمندری حدود میں ان بحری جہازوں پر حملہ کیا۔

خوب لوٹ مار کی اور مسلمانوں کو یرغمال بنالیا۔ اسی دوران چند لوگ چھوٹی کشتیوں کے ذریعے جو بحری جہاز پر موجود تھے بچ نکلنے میں کامیاب ہو گئے۔ جب وہ فرار ہو رہے تھے تو انہوں نے ایک لڑکی کو دیکھا جو جہاز پر کھڑے ہو کر منہ آسمان کی طرف کی کئے ہوئی تھی اور خداوند تعالیٰ کو پکار رہی تھی کہ ''اے اللہ ہماری مدد کر''۔

اس کے بعد اس نے منہ عراق کی طرف کی اور کہا

''اے حجاج ہماری مدد کو آ''۔

یہ ماجرا دیکھ کر وہ لوگ عراق کی طرف فرار ہو گئے اور جب وہ عراق پہنچے تو فوراً حجاج کے پاس گئے۔ حجاج بن یوسف اس وقت کسی اور شہر سے آئے ہوئے قاصد سے گفت وشنید کر رہا تھا۔ جب وہ قاصد چلا گیا تو وہ لوگ حجاج کے سامنے پیش ہو گئے اور اسے خود پر گزرے ہوئے حالات بتائے۔ اور پھر اس لڑکی کا واقعہ سنایا کہ وہ خدا تعالیٰ کے بعد حجاج کو پکار رہی تھی۔ تو حجاج غضبناک ہو گیا اس کی آنکھیں لال انگارے کی سی ہو گئیں۔ وہ اپنی جگہ سے اٹھ کھڑا ہوا اور صدا بلند کی۔

''لبیک یا بنت قومی لبیک'' (میں حاضر ہوں اے میری قوم کی بیٹی میں حاضر ہوں)۔ یہ کہتے ہوئے اس کی آنکھوں میں نمی اتر آئی تھی۔ اس نے آئے ہوئے مہمانوں کی خاطر مدارت کا حکم دیا اور ایک تیز رفتار قاصد خلیفہ ولید بن عبدالملک کی طرف سندھ پر حملہ کرنے کی اجازت طلب کرنے بھیجا مگر خلیفہ نے اجازت نہیں دی۔

چند دنوں بعد حجاج نے دوسرا قاصد روانہ کیا اور خلیفہ ولید بن عبدالملک کو پیغام دیا کہ ''اگر آپ یہ سمجھتے ہیں کہ سندھ پر حملہ کرنے سے بہت زیادہ خرچہ آئیگا تو میں وعدہ کرتا ہوں کہ جتنی رقم صرف ہوگی اس سے دگنی بیت المال میں جمع کروادوں گا۔

تب ولید بن عبدالملک نے اجازت دے دی۔

اجازت ملتے ہی ایک لشکر محمد بن قاسم کی سربراہی میں دیکر مکران کے اس حصے کی طرف روانہ کیا جہاں مسلمانوں کی

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

حکمرانی تھی۔ اور ہدایت دی کہ وہاں جا کر مکران کے لشکر اور اس کے سپہ سالار اعلیٰ خریم بن عمر اور نائب سالار بنانہ بن حنظلہ کو ساتھ لیکر سندھ پر حملہ کرنا اور مسلمانوں کو بازیاب کرانا۔ محمد بن قاسم نے ایسا ہی کیا اور سندھ کے چھوٹے بڑے شہروں کو فتح کرتا چلا گیا۔

اسی دوران اس نے مکران کے سپہ سالار اعلیٰ خریم بن عمر مول رائے کی سرکوبی اور اس کے علاقوں کو فتح کرنے کے لئے بھیجا۔ خود اروڑھ شہر کی طرف بڑھ گیا۔ جہاں راجہ داہر اور مسلمان قیدی موجود تھے۔ جب وہ اروڑھ کے قریب پہنچا تو خریم بن عمر مول رائے کو تہہ تیغ کر کے اور اس کے علاقوں کو فتح کرنے کے بعد واپس آ چکا تھا۔ اس وقت تک راجہ داہر کو بھی معلوم ہو چکا تھا کہ محمد بن قاسم فتح حاصل کرتا ہو یہاں پہنچ چکا ہے۔ چنانچہ راجہ داہر پہلے سے تیار اپنے لشکر کے ساتھ اروڑھ کے باہر ان کا منتظر تھا۔

دونوں طرف سے جنگی طبل بجنے لگے جو جنگ شروع ہونے کا اعلان کر رہے تھے۔

محمد بن قاسم نے اپنے لشکر کو تین حصوں میں تقسیم کیا۔ ایک کی سربراہی بنانہ بن حنظلہ کو سونپی اور اسے بائیں جانب سے دشمن پر حملہ کرنے کا کہا۔ دوسرے حصے کو خریم بن عمر کی نگرانی میں دیا اور اسے دائیں جانب سے یلغار کی ہدایت کی۔

تیسرے حصے کی سپہ سالاری خود کی۔ پھر اس نے اپنے لشکریوں کو مخاطب کر کے حمد و ثناء کے بعد ایک پر جوش تقریر کی۔ محمد بن قاسم کے لشکر کی تعداد بمشکل بارہ ہزار تھی جبکہ راجہ داہر کے لشکر میں تیس ہزار پیادے، دس ہزار گھڑ سوار جنگجو اور سو سُدھائے ہوئے ہاتھی شامل تھے۔ راجہ داہر خود ایک ہاتھی پر سوار تھا۔ جنگ کی ابتداء ہوئی۔ تلوار سے تلوار ٹکراتی تو دو ننھے شعلے گلے مل کر غائب ہو جاتے۔ ڈھال حفاظت کو لپک رہے تھے۔ زمین خون آلود ہو رہی تھی ہر طرف انسانی اعضاء کٹ گر رہے تھے۔ وہشت ناک چیخ و پکار بلند ہو رہی تھی۔ مسلمان اپنی کم تعداد کے باوجود دشمن کے صفوں کو چھیرتے ہوئے آگے بڑھ رہے تھے۔

ہر سمت سے اللہ اکبر کی تکبیریں سن کر دشمن گھبرا گئے۔ کوئی مسلمان مجاہد راجہ داہر کی طرف بڑھتا تو اس کا جنگی ہاتھی گھوڑے کو بدحواس کر کے پیچھے ہٹنے پر مجبور کرتا۔ جنگ اپنی عروج پر پہنچ چکی تھی۔ مسلمان روغن ہفت میں تیر ڈبو ڈبو کر پھینک رہے تھے۔ تیر کے لگتے ہی وہ جگہ روغن ہفت کی وجہ سے آگ پکڑ لیتی۔ اسی اثناء میں ایک تیر راجہ داہر کے ہاتھی کی سونڈ پر لگی اور آگ لگ گئی۔ ہاتھی وہیں ڈھیر ہو گیا۔ برہمنوں نے اسے اٹھانے کی بڑی کوشش کی مگر وہ نہیں اٹھا۔ راجہ داہر پیادہ ہو کر لڑنے لگا وہ جنگی مہارت میں بڑا ماہر تھا مگر ایک مسلمان عسکری اس کی طرف لپکا اور تلوار کے ایک ہی وار سے راجہ داہر کا سر تن سے جدا کر دیا۔

مسلمان فتح یاب ہو گئے اور اروڑھ شہر میں داخل ہو گئے۔ ان کے ہاتھ کافی مال غنیمت آئی۔ اور انہوں نے مسلمان قیدیوں کو بھی آزاد کرا دیا جو اروڑھ میں قید تھے۔ ان میں وہ لڑکی بھی شامل تھی جس نے نداء امداد بلند کی تھی۔

پھر اس سترہ سالہ نوجوان محمد بن قاسم نے رفتہ رفتہ پورے سندھ کو فتح کر لیا۔ ☆☆

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

مغلیہ سلطنت کا زوال

سجاد حمید (بی اے، فائنل ایئر)

ہر عروج کے بعد زوال کا وقت آتا ہے۔ مغل سلطنت کو بھی زوال آیا۔ مغلیہ سلطنت کی بنیاد ظہیر الدین بابر نے رکھا۔ خاندانِ مغلیہ کے کل پندرہ بادشاہ بنے۔ ان میں سے چھ طاقتور اور واقعی بادشاہ کہلانے کے مستحق تھے جن میں بابر، ہمایوں، اکبر، جہانگیر، شاہجہاں اور اورنگزیب شامل ہیں۔ لیکن پھر ان کے بعد یہ ٹکڑوں میں بٹ گئے۔ مرہٹوں، سکھوں اور کئی دوسری طاقتوں نے اپنی خود مختار ریاستیں بنالیں۔ ترکوں نے راجپوتوں کو شکست دیکر اپنی حکومت قائم کی تو پٹھانوں نے ترکوں اور مغلوں نے پٹھانوں کو میدانِ جنگ میں شکست دیکر قبضہ کیا۔

مغلیہ سلطنت نے اکبر، جہانگیر، شاہجہان اور اورنگزیب کے عہدِ حکومت میں اپنا انتہائی عروج دیکھا۔ لیکن اورنگزیب کے جانشینوں کے ہاتھوں اس کا زوال شروع ہوا۔ اورنگزیب عالمگیر کا عہدِ حکومت کے انتہائی عروج کا زمانہ تھا۔ اس زمانے میں ہندوستان کا ایک بھی ایسا چپہ باقی نہ رہا تھا جو مغلوں کے زیرِ نگین نہ تھا۔ افغانستان اور کشمیر سے لیکر راس کماری تک اور گجرات سے لیکر آسام اراکان تک مغلیہ حکومت پھیل چکی تھی۔ جس میں حکومت کو سنبھالنا عالمگیر کے جانشینوں کے بس کی بات نہیں تھی۔

1707ء میں اورنگزیب کی وفات کے بعد حکومت کو سنبھالنے کے لئے جن لائق جانشینوں کی ضرورت تھی وہ اورنگزیب کو نہ مل سکا غرضیکہ اورنگ زیب کے تمام جانشین نہ صرف نالائق بلکہ تن آسان اور عیش کوش تھے۔ انتظامی قابلیت سے بھی یکسر محروم تھے۔ محمد شاہ رنگیلے کے عہد سے مغلیہ سلطنت تیزی سے زوال پزیر ہوا۔ اس دور میں سازشیں ہوئیں اور قانون کی خلاف ورزیاں عام ہو چکے تھے۔ لہٰذا مغل سلطنت اب پہلے جیسی نہ رہی۔ اورنگزیب کے نا اہل جانشین اور کچھ صوبیدار چھینا جھپٹی میں مصروف ہو گئے۔ ان کے ساتھ ساتھ مرہٹے اور سکھ بھی اپنا اپنا حصہ وصول کرنے کے لئے میدان میں آگے آگئے۔

نادر شاہ درانی کے حملے نے رہی سہی کسر بھی پوری کردی۔ وہ دہلی سے واپس جاتے ہوئے تیس کروڑ کا مال غنیمت، بیشمار ہیرے اور جواہرات جن میں دنیا کا مشہور ہیرا ''کوہِ نور'' بھی شامل تھا، مع تختِ طاؤس اپنے ساتھ لے گیا۔ اس حملے سے مغلیہ سلطنت کی مالی حالت پر کاری ضرب لگی اور سلطنت بالکل مفلوج ہو کر رہ گئی۔ لیکن بات ان تک محدود نہ تھی۔ سمندر پار سے آئی ہوئی دو قومیں انگریز اور فرانسیسی بھی اپنے دانت نکوس رہی تھیں اور انہوں نے اپنے اقتدار میں بہت جلد اضافہ کر لیا۔ لہٰذا 1857ء میں مغلیہ سلطنت ہمیشہ ہمیشہ کے لئے ختم ہو گئی اور انگریز جلد ہی ہندوستان پر قابض ہو گئے۔ یہ قبضہ 1947ء تک قائم رہی۔ ☆☆

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

توکلی مست

نسیم براہیم (ایف اے۔سال دوئم)

توکلی مست 1831ء کو مری کوہستگ کے بنجاہی شہر کاہان کے ایک گاؤں مانڑک بند میں پیدا ہوا۔ ان کے والد کا نام لال خان تھا جسے پورے مریوں کے ٹکّ میں بڑی عزت تھی کیونکہ وہ ایک رحم دل، ایماندار اور خوش مزاج آدمی تھے۔

آج سے سوڈیڑھ سو سال پہلے کاہان جیسے علاقے میں تعلیم کا کوئی نام ونشان نہ تھا۔ تو اسی لئے مست کے والد نے انہیں بھیڑ بکریوں کو چرانے کی ذمہ داری سونپی۔ مست نے اپنی زندگی کے کچھ لمحات بکروں کو چراتے ہوئے گزار دیے مگر اسے معلوم نہ تھا کہ بکریاں چراتے ہوئے اسے بھی کسی سے محبت ہوگی۔ مست نے پہلی بار جب سمو کو دیکھا تو سمو کی محبت میں دیوانہ ہوگیا۔ دن رات اس کی یاد میں گزار دیے۔ مگر سمو کو کچھ خبر نہ تھی کہ مست جیسا لڑکا مجھ سے پیار کرتا ہے۔

مست کی شاعری بھی اسی محبت سے شروع ہوتی ہے وہ اپنی شاعری میں سمو کے نام شعر گنگناتا ہے تب پورے گاؤں والوں کو پتا چلتا ہے تو وہ مست کو کہتے ہیں کہ اگر آپ یہاں سے چلے نہ جائیں گے تو اپنی جان کے ذمہ دار خود ہوں گے۔

مست اپنے لوگوں کے کہنے پر مجبور ہو کر اپنا آبائی علاقہ چھوڑ دیتا ہے۔ جب اپنے محبوب سے دور رہ کر زندگی کے دن گزارتا ہے تو اس کی زندگی میں سمو کے سوا اور کسی بھی چیز کی اہمیت نہ رہی۔ وہ اپنی محبوبہ سے ملنے کی کوشش کرتا ہے۔ اسی طرح مست کیلئے دردناک دن وہ تھا جب اسے خبر ملی کہ سمو اس دنیا کو چھوڑ چکی ہے۔ تب مست کچھ کہنے سے پہلے بیہوش ہو جاتا ہے۔ جب آنکھیں کھولتی ہے تو اسے ایسے لگتا ہے کہ زمین اور آسمان آپس میں ملے ہوئے ہیں۔ وہ رو رو کر اپنی زندگی کے دن گزارنے لگتا ہے مگر وہ سمو کو بھلا نہیں پاتا ہے۔ وہ اس کی یاد میں شعر کہتا رہتا ہے۔

آخر کار توکلی مست 1894ء کو اپنے محبوب سمو کے پاس چلا جاتا ہے۔

☆☆

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

محبت

ادریس حیدر (ایف اے، سال دوئم)

محبت ایک عبادت ہے جو انسان کے روح کو پاک کردیتی ہے۔ محبت اگر خدا سے ہو جائے تو بزرگیت اور اخلاقیت کے اعلیٰ درجے پر پہنچا دیتی ہے اور محبت اگر ماں سے ہو تو جنت کے گلزاروں میں قدم رکھنے کی اجازت ملتی ہے۔ علاوہ ازیں محبت ایک احساس ہے جو زندہ رہنے کی احساس، خوش رہنے کی احساس، جینے کی احساس، لوگوں سے مل جل کر رہنے کی احساس اور انسانیت کی احساس۔ محبت انسان میں ان تمام احساسوں کو جگا دیتی ہے جو آدمی کو انسان بنانے میں مدد کرتا ہے۔

بقول مرزا غالب:

بس کہ دشوار ہے ہر کام کا آسان ہونا
آدمی کو بھی میسر نہیں انسان ہونا

کیونکہ آدمی تو سب ہیں لیکن انسان صرف وہ ہے جس کے بدن میں خون کی جگہ محبت کی نہریں دوڑ رہی ہوں اور اس میں احساس کی کرنیں چمک رہی ہوں۔

محبت کیا ہے یا کیا نہیں ہے لوگ اس کے بارے میں کیا سوچتے ہیں؟ ہر کسی کو اپنی سوچ ہوتی ہے۔ لیکن ہمارے نزدیک محبت اخلاقیت کا وہ اعلیٰ درجہ ہے جس کے اندر ہر کر انسان اپنے آپ کو پہچان پاتا ہے۔ اپنی خودی کو جان لیتا ہے جو اس کو کامیاب و کامران بنا دیتا ہے۔ بقول اقبال:

خودی کو کر بلند اتنا کہ ہر تقدیر سے پہلے
خدا بندے سے خود پوچھے بتا تیری رضا کیا ہے

لیکن یہ اس وقت ہوتا ہے جب انسان محبت کی وادیوں میں گھوم رہا ہو۔ خود کو اور اپنے رب کو پہچان چکا ہو تب جا کر خدا اس کا فیصلہ اس پر چھوڑ دیتا ہے کہ تو چاہو تو حاصل کرو۔

علاوہ ازیں محبت وہ احساس ہے جو انسان کے ایمان کو کامل بنا دیتی ہے۔ نبی کریم ﷺ فرماتے ہیں کہ لوگوں کا ایمان ایک جیسا نہیں بلکہ جس کے دل میں میری محبت جتنی زیادہ ہوگی اتنا ہی اس کا قوی ایمان ہوگا، یوں لوگوں کا کفر ایک جیسا نہیں جس کے دل میں میرے خلاف بغض ہوگا اس کو نقصان اتنا ہی زیادہ ہوگا۔ اور فرمایا خبردار جس کے دل میں میری محبت نہیں اس کا کوئی ایمان نہیں۔

محبت ہی انسان کو ہمیشہ کامیاب و کامران بنا دیتی ہے اور اس کے ایمان کو پختہ کردیتی ہے۔

☆☆

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

حضرت علیؓ کے اقوال زریں

محسن بشیر احمد (ایف ایس سی، سال دوئم)

☆ادب آدمی کے اندر ایک درخت کی مانند ہے جس کی جڑ عقل ہے۔

☆جو شخص سچی بات کہتا ہے اس کا جلال اور ہیبت بڑھ جاتی ہے۔

☆جو باتیں معلوم ہوں سب کو بیان نہ کر۔ یہ بہت بڑی جہالت ہے۔

☆سب سے اچھا بادشاہ وہ ہے جو ظلم کو مٹائے اور عدل وانصاف کو زندہ کرے۔

☆سب سے برا وہ ہے جو اپنے آپ کو سب سے اچھا خیال کرے۔

☆عقلمند کا برا کام جاہل کے اچھے کام سے بہتر ہے۔

☆ دنیا میں جس قدر زیادتی اور ترقی ہوتی ہے آخرت میں اسی قدر نقصان اور کمی آجاتی ہے۔

☆ خاموشی تمام برائیوں کو چھپا دیتی ہے۔

☆اپنے آپ سے خوش ہونا کم عقلی اور بیوقوفی کی نشانی ہے۔

☆ اگر تو فکر وغور کرے تو ہر ایک دن سے تجھے عبرت حاصل ہو سکتی ہے۔

☆ دنیا مصیبتوں کا گھر ہے اور عقل سے ہوشیاری پیدا ہوتی ہے۔

☆علم بغیر عمل ایسا ہے جیسا کہ درخت بغیر پھل۔

☆تھوڑی سی لالچ بہت سی پرہیزگاری کو بگاڑ دیتی ہے۔

☆☆

زندگی

اظہر الدین جوسکی (ایف اے، سال دوئم)

زندگی صرف ایک نام ہے اس کو بہتر بنانا اور بگاڑنا بھی ہمارے ہاتھ میں ہے۔ زندگی کو ہمیشہ صحیح طرح دیکھو اور عمل کرو۔ زندگی کبھی کبھی ہمیں رلاتی ہے اور کبھی خوشی بھی دیتی ہے۔ ان سب کا انحصار ہم پر ہے۔ زندگی ہمارے سامنے ہزاروں چیز لاتی ہے۔ ان چیزوں کو ہم کیسے استعمال کرتے ہیں وہ ہم پر ہے اگر ہم ان چیزوں کو غلط استعمال کریں تو اپنی زندگیوں کو خود برباد کرتے ہیں کیونکہ جب ہم برائی کو مٹانے کی کوشش کرتے ہیں تو ہماری زندگی خود بخود اچھائیاں لاتی ہے۔ زندگی ہمیں جینا سکھاتی ہے سب چیزیں ہم پر منحصر ہیں ہم ان چیزوں کو زندگی میں کیسے استعمال کریں۔ ایک عزت کا راستہ ہے جس میں خوبیاں، اچھائیاں، نیکیاں ہیں اور دوسرا برائی کا راستہ کہ جس میں جہالت، اندھیرا، ظلمت اور جہنم ہے۔ اب فیصلہ تمہیں کرنا ہے کہ عزت بھرا راستہ اختیار کرو یا جہنم کا راستہ.....

☆☆

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

غزل

نظر کے سُروں کی روانی میں گم ہوں
میں ہر سانس کی نوجوانی میں گم ہوں

جو پہلے سے لکھا گیا جرم کیوں کر
ہاں قدرت تیری مہربانی میں گم ہوں

میری چاہ میں ساری دنیا لٹا دی
پہاڑوں کی جوگن دیوانی میں گم ہوں

امنڈ چاند آئے انگوٹھی میں جیسے
تیری دی ہوئی اس نشانی میں گم ہوں

شہید ہو کر زندہ رہا جاویداں وہ
ہے شرمندگی زندگانی میں گم ہوں

میری ہر خطا بخش دیتا رہا وہ
میں رحمان کی مہربانی میں گم ہوں

پلا بھر کے ساقی غضب تشنگی ہے
تیرے حسن کی لامکانی میں گم ہوں

خدا نے مریدؔ سی عطا کی بزرگی
ندیم ایک مدت سے ھاتی میں گم ہوں

☆☆

ندیم اکرم
اسسٹنٹ پروفیسر
(شعبہ اسلامیات)

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

عباس حسن عالی (بی اے، تھرڈ ایئر)

سسکتی آہیں بھرنا جانتے ہیں
کٹھن راہوں پہ چلنا جانتے ہیں

بہت بدحال تھے ہم اُن دنوں میں
مگر اب ہم سنبھلنا جانتے ہیں

شکستہ دل غموں سے چھوٹ جائیں
ہنسی ہونٹوں پہ لانا جانتے ہیں

ذرا بھی حوصلہ رکھتے اگر تم
تیری آنکھوں سے بہنا جانتے ہیں

اندھیرا چھا گیا سارے شہر میں
دیا تو کب سے جلنا جانتے ہیں

☆☆

حمل درد جوسکی (ایف ایس سی، سال دوئم)

ہم غریب ہیں ہم سے گلہ ہی کیا
سب ہو گئے امیر ہم نے لیا ہی کیا

تیری یہ بے رخی یہ بے وفائی ہم جان گئے
مال و متاع زیست تجھ کو دیا ہی کیا

اے ساقی! پلا دے ہمیں خوب بزم میں
آنسو پیے جدائی کے اور ہم نے پیا ہی کیا

محبت کی داستان لوگ سن کر چلے گئے
ہم رہ گئے اکیلے ہم نے سنا ہی کیا

راہِ خدا میں ہو گئے ہم در بہ در اے درد
دل میں تو پالیا دنیا میں اسے ڈھونڈا ہی کیا

☆☆

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

صہیب شاہ عیسیٰ جوسکی (بی اے، تھرڈ ایئر)

دل کو یکپارگی میں خود سے سکون ملا نہیں
اپنے ہوئے پرے ، پرائے سے گلہ نہیں
ہاتھوں کی لکیروں میں کچھ منتظر نہیں
گزرتا رہا عمر میری پھر رکا نہیں
کہتا گیا ازل سے کوئی کچھ تربیت میں یوں
اس کائناتِ عزوجل کے کیا کیا برا نہیں
اپنے ہی نغموں کو گنگناؤں گا آج
تجھ سے کبھی میرا رشتہ جُدا نہیں
دسمبر رہے گا ایک نئی بچپن کی کہانی
بارہ مہینے سال کے بے فائدہ نہیں
صحرا میں ہم نشین نے نشیمن بنا دیا
خامشی کی کھوج میں کندھا ملا نہیں
میری قلم نے روک دیا لکھنا مدت ہوئی
اوورو ں کی بادشاہی میں کیا کیا سہا نہیں
تیری نظر کی قید میں آتش فشاں ہوا
اپنے واسطے کبھی دامن اٹھا نہیں

☆☆

وسیم راجہ (بی اے، تھرڈ ایئر)

طلبِ عشق ، طلبِ یار نہیں
درد و غم دنیا یہ پیار نہیں

زمانہ تیرا ہے تجھے چاہتا ہے
مال و دولت پہ کوئی اعتبار نہیں

غم دئے اتنے کہیں مر نہ جاؤں
اسے وفا کا مری اعتبار نہیں

چلے بھی جائیں گے ہم دنیا سے
یہیں پہ رہنا ، یہ اختیار نہیں

خدا کرے وسیم مل جائے
محبت میں کوئی جیت ، ہار نہیں

☆☆

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

جاوید بشیر بلوچ (ایف ایس سی۔ سال اول)

سرورِ عشق کا چھایا تھا کچھ ایسے
بدنامِ زمانہ ہوا ، مشہور ہوئے قصے

شہر کی خوشنمائی میں بھول گیا بیٹا
ایک دیدار کو تڑپے جانے ماں کب سے

ابھی بچہ ہے تو ، ابھی نہ کر عشق
لٹ گئے عشق میں کیسے کیسے

چاہِ جنت میں ، کام شیطان کے
اک لمحے میں اجڑ گئے سپنے

